**ویکسین سے متعلق معلومات کا بیان**

Many Vaccine Information Statements are available in Urdu and other languages. See www.immunize.org/vis

ٹیکے کی معلومات کے بہت سارے بیانات اردو اور دوسری زبانوں میں دستیاب ہیں۔ www.immunize.org/vis کریں مالحظہ

# ہیمو *فیلس انفلوئنزا* ٹائپ بی (Hib) کی ویکسین: *آپ کو کیا* جاننے کی ضرورت ہے

## 1. ویکسین کیوں لگوائیں؟

**Hib کی ویکسین ہیمو *فیلس انفلوئنزا* ٹائپ بی (Hib) بیماری** سے بچا سکتی ہے۔

ہیمو *فیلس انفلوئنزا* قسم b بہت سے مختلف قسم کے انفیکشنز کا سبب بن سکتی ہے۔ یہ انفیکشنز عام طور پر 5 سال سے کم عمر کے بچوں کو متاثر کرتے ہیں لیکن بعض دائمی امراض والے بالغوں کو بھی متاثر کر سکتے ہیں۔ Hib بیکٹیریا ہلکی بیماری کا سبب بن سکتے ہیں، جیسے کان میں انفیکشن یا برونکائٹس، یا وہ شدید بیماری کا سبب بن سکتے ہیں، جیسے خون کے انفیکشنز۔ شدید Hib انفیکشن، جسے "ناگوار Hib بیماری" بھی کہا جاتا ہے، کے لیے ہسپتال میں علاج کی ضرورت ہوتی ہے اور بعض اوقات موت بھی ہو سکتی ہے۔

Hib ویکسین سے پہلے، ریاستہائے متحدہ امریکہ میں 5 سال سے کم عمر بچوں میں بیکٹیریل مینناجائٹس کی سب سے بڑی وجہ Hib بیماری تھی۔ مینناجائٹس (گردن توڑ بخار) دماغ اور ریڑھ کی ہڈی کی پرت کا انفیکشن ہے۔ یہ دماغ کے نقصان اور بہرے پن کا باعث بن سکتا ہے۔

Hib انفیکشن ذیل کا سبب بھی بن سکتا ہے:

- نمونیا
- گلے میں شدید سوجن جس سے سانس لینا مشکل ہوتا ہے
- خون، جوڑوں، ہڈیوں اور دل کے پردے کے انفیکشنز
- موت

## 2. Hib کی ویکسین

Hib کی ویکسین عام طور پر 3 یا 4 خوراکوں میں دی جاتی ہے (برانڈ پر منحصر)۔

**شیر خوار بچوں** کو عام طور پر 2 ماہ کی عمر میں Hib کی ویکسین کی پہلی خوراک ملے گی اور عام طور پر یہ سلسلہ 12-15 ماہ کی عمر میں مکمل ہو جائے گا۔

**12 ماہ اور 5 سال کی عمر کے بچے** جن کو پہلے مکمل طور پر Hib کے خلاف ویکسین نہیں لگائی گئی ہو، انہیں Hib ویکسین کی 1 یا زیادہ خوراک کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

**5 سال سے زیادہ عمر کے بچوں اور بڑوں کو** عام طور پر Hib کی ویکسین نہیں لگائی جاتی، لیکن اس کی سفارش بڑے بچوں یا بالغوں کے لیے کی جا سکتی ہے جن کی تلی کو نقصان پہنچا ہے یا تلی نکال دی گئی ہے، بشمول سکیل سیل کی بیماری والے افراد، تلی کو ہٹانے کے لیے سرجری سے پہلے، یا بون میرو ٹرانسپلانٹ کے بعد۔ ایچ آئی وی والے 5 سے 18 سال کی عمر کے لوگوں کے لیے بھی Hib کی ویکسین کی سفارش کی جا سکتی ہے۔

Hib کی ویکسین ایک تنہا ویکسین کے طور پر دی جا سکتی ہے، یا ایک مجموعہ ویکسین کے حصے کے طور پر (ایک قسم کی ویکسین جو ایک سے زیادہ ویکسین کو ایک ساتھ ملاتی ہے)۔

Hib ویکسین دیگر ویکسین کے ساتھ ایک ہی وقت میں دی جا سکتی ہے۔

## 3. اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے بات کریں

اپنے ویکسین فراہم کنندہ کو بتائیں اگر جو شخص ویکسین لے رہا ہے اسے:

- **Hib کی ویکسین کی پچھلی خوراک کے بعد الرجی زا ردِعمل ہوا** ہے، یا کوئی **شدید، جان لیوا الرجیاں ہوں**

کچھ معاملات میں، آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ مستقبل کی کسی ملاقات تک Hib کی ویکسینیشن کو ملتوی کرنے کا فیصلہ کر سکتا ہے۔

نزلے جیسی معمولی بیماریوں میں مبتلا افراد کو، ویکسین لگائی جا سکتی ہے۔ جو لوگ تھوڑے بہت یا شدید بیمار ہیں انہیں عام طور پر Hib کی ویکسین لگوانے سے پہلے صحت یاب ہونے تک انتظار کرنا چاہیے۔

آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ آپ کو مزید معلومات دے سکتا ہے۔

U.S. Department of Health and Human Services
Centers for Disease Control and Prevention

